نئی دہلی میں
امریکی لائبریری
کے قیام کے ۶۰ سال مکمل

رنجنا بھٹناگر

نئی دہلی میں امریکن لائبریری کا آغاز چھوٹے پیمانے پر ہوا تھا۔ ۱۹۴۶ میں کوئنس وے پر، جسے اب جن پتھ کہتے ہیں، پہلی بار اس کے دروازے کھلے تھے۔ اس وقت کوئی باضابطہ ممبر نہیں تھا۔ لائبریری ایک چھوٹے سے ریڈنگ روم پر مشتمل تھی۔ اس میں زیادہ سے زیادہ ۲۴ افراد کی جگہ تھی۔ البتہ تب بھی ۳۰۰۰ کتابیں لائبریری میں رکھی گئی تھیں۔ ۱۹۵۱ میں ممبر بنانے کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ اس کے بعد پڑھنے کے لئے لوگوں کو کتابیں گھر لے جانے کی بھی اجازت ملنے لگی۔ اس کے بعد کے برسوں میں لائبریری دھیرے دھیرے اپنے سائز کتابوں اور مقبولیت میں بڑھنے لگی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اس کا پتہ بدلنا پڑا۔ ۱۹۷۴ میں یہ لائبریری کوئنس وے سے ۲۴ کستوربا گاندھی مارگ پر واقع امریکن سنٹر بلڈنگ میں منتقل ہوگئی۔ ۱۹۹۰ کی دہائی کے بیشتر حصوں میں اور ابھی حال تک اس لائبریری کو امریکن انفارمیشن رسورس سنٹر کے نام سے جانا جاتا تھا۔ ممبئی میں ۱۹۴۴ میں، چنئی میں ۱۹۴۷ میں اور کلکتہ میں ۱۹۴۳ میں امریکن لائبریریاں قائم کی گئیں۔

اپنے قیام کے ۶۰ سال بعد آج نئی دہلی میں امریکن لائبریری مکمل طور پر از خود کار ہوگئی ہے۔ اطلاعات کی فوری دستیابی کے لئے جدید ترین نظام لگا ہوا ہے۔ آن لائن ڈیٹا بیس بھی ہے اور سی ڈی روم میں بھی اطلاعات دستیاب ہیں۔ دس ہزار جریدوں کا پورا پورا متن دستیاب ہے۔ قانون، کمپیوٹر، مینجمنٹ، تجارت، بین الاقوامی تعلقات، حکومت کے کام کاج اور امریکی ادب سمیت ڈھیر سارے موضوعات پر ۱۶،۰۰۰ کتابیں اور ۱۵۰ مطبوعہ جریدے اس لائبریری میں دستیاب ہیں۔

نئی دہلی میں امریکن لائبریری نے تعلیمی سال ۲۰۰۶-۰۷ کے لئے متعدد یادگاری تقریبات منعقد کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ ۶۰ واں یوم تاسیس منانے کے لئے سمعی کتابوں، سائنس فکشن اسپورٹس، زرعی حیاتیاتی ٹکنالوجی، نیوکلیائی توانائی اور دوسری زبان کے طور پر انگریزی سے متعلق بالکل نیا ذخیرہ شامل کیا گیا ہے۔ اب یہ لائبریری ہفتہ کے دن ایک بجے سے پانچ بجے تک کھلی رہتی ہے۔ پیر سے جمعہ تک ۱۱ بجے کھلتی ہے اور شام ۶ بجے بند ہوتی ہے۔ علم کے جویا جو لوگ انٹرنٹ اور مائیکروسافٹ کے اطلاق سے ورک اسٹیشن استعمال کرنا چاہتے ہیں، کتابیں پڑھنے کے لئے گھر لے جانے کے خواہش مند ہیں، سی ڈی روم اور ویڈیو کے استعمال کے خواہاں ہیں، ان کو برائے نام سالانہ فیس کے عوض گولڈ کارڈ ممبر شپ دی جاتی ہے اور جو لوگ صرف اخبارات رسائل اور کتب کی کبھی کبھی ورق گردانی کے لئے آنے کے آرزومند ہیں ان کو بھی ممبر شپ مل جاتی ہے مگر اس کی فیس نہیں لگتی۔

چونکہ امریکہ اور ہندوستان دونوں اطلاعاتی ٹیکنالوجی کو بہت زیادہ اہمیت دے رہے ہیں اس لئے امریکن لائبریری نے ایسے انتظامات کر رکھے ہیں جن کے تحت اس کے ممبروں کو وہ اطلاعات فوراً حاصل ہوسکتی ہیں جس کی انہیں فوری ضرورت ہے۔ یہ اطلاعات امریکہ کی زندگی اور ثقافت کے بارے میں ہوں یا عالمی واقعات میں تازہ ترین تبدیلی سے ان کا تعلق ہو۔ اعداد و شمار کے علاوہ بھی امریکن لائبریری جو سہولتیں پیش کرتی ہے ان میں کتاب اور مضمون پر بحثیں، ادبی فلموں کی نمائش اور تربیتی پروگرام شامل ہیں۔ امریکن لائبریری میں اپنا کام لگن کے ساتھ کرنے والے اور ماہر حوالہ جاتی محافظ (ریفرنس لائبریرین) کی ایک ٹیم طالب علم ہو یا ٹیچر، سرکاری ملازم ہو یا محقق، تجارت پیشہ ہو یا کام گار پیشہ ور ماہر، ہر کسی کے ساتھ ویسے ہی سلوک کرتی ہے جو بہت اہم شخصیتوں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ لائبریری کے اسٹاف نہ صرف سرپرستوں کو مشورے دیتے ہیں بلکہ تحقیق کے مخصوص موضوعات پر مضامین اور کتابوں کی پوری فہرست بھی فراہم کرتے ہیں۔

امریکن لائبریری یہ محسوس کرتی ہے کہ علم اور تعلیم تک جن لوگوں کو آسانی سے رسائی حاصل نہیں ہے ان کی رسائی آسان بنانا اس کا فرض ہے۔ امریکن لائبریری اسے بھی اپنا فرض سمجھتی ہے کہ اپنی سہولتوں سے ان نوجوانوں کو فیض پہنچائے جو غریب اور پچھڑے ہوئے گھرانوں سے آئے ہیں۔ امریکن لائبریری کا اسٹاف مسلسل اسکولوں اور یونیورسٹیوں کا دورہ کرتا رہتا ہے اور اکثر یہ بھی ہوتا ہے کہ اساتذہ فلڈ ٹرپ کے حصے کے طور پر اپنی کلاسوں کے طلبا کو لے کر لائبریری آجاتے ہیں۔ امریکن لائبریری علم اور تعلیم کی سہولتوں کی فراہمی کے علاوہ بھی امریکہ کی طرف کھلنے والے ایک جھروکے اور دونوں ملکوں کے تشنگان علم کے لئے ملاقات گاہ کا رول بھی نبھاتی ہے۔ امریکن لائبریری ایک ایسی متوازن فضا فراہم کرتی ہے جس میں سنجیدہ تحقیق کا کام بھی ہوتا ہے اور اسی کے ساتھ نئی دوستیوں کے پھول بھی کھلتے ہیں۔ اس لائبریری کو امید ہے کہ وہ آئندہ ۶۰ برس تک بھی اسی طرح مفاہمت کے پل تعمیر کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

لائبریری جائے وقوع

24, Kasturba Gandhi Marg
New Delhi - 110001
Tel: 91-11-2331-4251 and
91-11-2331-6841
Fax: 91-11-2332-9499
E-mail: libdel@state.gov
http://newdelhi.usembassy.gov
Director: Ranjana Bhatnagar

38-A, Jawaharlal Nehru Road
Calcutta - 700071
Tel: 91-33-2245-1211/18
Fax: 91-33-2245-2445
E-mail: airccal@state.gov
http://calcutta.usconsulate.gov
Director: Sushant Banerjee

Gemini Circle
Chennai - 600006
Tel: 91-44-2811-2000
Fax: 91-44-2811-2053
E-mail: chennaireldesk@state.gov
http://chennai.usconsulate.gov
Director: M.K. Jagadish

4, New Marine Lines
Mumbai - 400020
Tel: 91-22-2262-4590 and
91-22-2262-4592
Fax: 91-22-2262-4599
E-mail: libref@state.gov
http://mumbai.usconsulate.gov
Director: Usha Sunil